وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک اور گورنر پنجاب سلمان تاثیر سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

لاہور میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نائب صدر ملک شاہد کے قتل پر اظہار تعزیت

لندن۔۔31 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور لاہور میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے پاکستان پیپلز پارٹی پنجاب کے نائب صدر ملک شاہد کے قتل پر دلی تعزیت کی ۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران، پی پی پی کے رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں عالی مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک کو بھی فون کر کے پیپلز پارٹی کے نائب صدر ملک شاہد کے بہیمانہ قتل پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پر رحمان ملک نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ انہوں نے قتل کی واردات کی تحقیقات کی ہدایت کردی ہے۔

حق پرست عوام محترمہ شاہدہ پروین، سہیل لاکھانی اور محمد اسحاق کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔31 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ایلڈ رونگ کے رکن عبدالقادر لاکھانی کے صاحب زادے سہیل لاکھانی، ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر کے کارکن شیر علی کی والدہ محترمہ شاہدہ پروین اور ایم کیوایم ایلڈ رونگ سرجانی ٹاون سیکٹر کے انچارج محمد اسحاق کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ شاہدہ پروین، سہیل لاکھانی اور محمد اسحاق کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

رحیم یار خان کے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں پر مشتمل وفد کی عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔31رجنوری 2009ء۔۔۔پنجاب کے شہر رحیم یار خان سے کراچی کے دورے پر آئے ہوئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں پر مشتمل 17 رکنی وفد نے جمعے کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، ڈاکٹر نصرت اور آنسہ ممتاز انوار سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی وسماجی صورتحال اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد میں جنگ کے رپورٹر رانا محمد افضل، دنیا نیوز چینل کے نمائندے عاصم صدیقی، نوائے وقت اور وقت ٹی وی چینل کے نمائندہ احسان الحق، ایکسپریس اور ایکسپریس نیوز چینل کے فاروق احمد سندھی اور عرفان الحق ملک، پی پی آئی کے عبدالخالق شاکر، جنگ کے بشیر امانت علی، روزنامہ زنجیر کے میر امانت علی، ڈان کے کامران شیخ، آج نیوز چینل کے عابد حنیف، ایکسپریس نیوز کے کیمرہ مین سید ممتاز شان اور ممتاز علی فوٹو گرافر حسن احمد، محمد اکمل ملک، طارق علی، اسلام نورانی اور رحمان بشیر شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم میڈیا کمیٹی کے انچارج، جوائنٹ انچارج اور ایم کیوایم میڈیا کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے ایم کیو ایم کے شعبہ اطلاعات کا تفصیلی دورہ بھی کیا۔

پیپلز پارٹی کے لاہور کے نائب صدر شاہد امتیاز کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔31رجنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح افراد کے ہاتھوں پیپلز پارٹی لاہور کے نائب صدر شاہد امتیاز کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شاہد امتیاز کا قتل پیپلز پارٹی کے کارکنان کو مشتعل کرنے اور شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ شاہد امتیاز کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

ایم کیوایم کے کارکن مطلوب کے بڑے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31 جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کی تنظیمی خدمات انجام دینے والے کارکن مطلوب خان کے بڑے بھائی ایوب خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (آمین)

ایم کیوایم ماری پور سیکٹر کے کارکن کی والدہ محترمہ کا سوئم

کراچی ۔۔۔ 31 جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ ماری پور سیکٹر گلبائی یونٹ کے کارکن وسیم بلوچ کی والدہ محترمہ کا سوئم گزشتہ روز ان کی رہائشگاہ پر ہوا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی ۔ سوئم کے اجتماع میں حق پرست صوبائی وزیر برائے اوقاف عبدالحسیب، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین، ماری پور سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے شرکت کی ۔

ایم کیوایم کے ہمدرد ملک اکبر اعوان لاوا کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 31، جنوری 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد یوسی 1 کے ہمدرد ملک اکبر اعوان لاوا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک اکبر اعوان لاوا کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ (آمین)

☆☆☆☆☆